9205- أخرجه البخاری فی الصلح جلد 5 صفحه 353 رقم الحديث: 2692' ومسلم فی البر جلد 4 صفحه 2011 .

9206 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، نَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ حَزْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَتْ عَلَيَّ امْرَاَةٌ مَعَهَا ابْنَانِ لَهَا، فَلَمْ اَجِدْ لَهَا شَيْئًا اِلَّا تَمْرَةً، فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا، فَقَسَمَتْهَا بَيْنَهُمَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس ایک عورت آئی' اس کے ساتھ اس کی دو بچیاں تھیں' میرے پاس ان کو دینے کے لیے کھجور تھی' میں نے ان کو دے دی۔ اس نے وہ کھجور ان دونوں کے درمیان تقسیم کر دی (اور خود بھوکی رہی)۔

9207 - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ، اَنَّ اَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے پھاڑنے والے درندوں کو کھانے سے منع کیا۔

9208 - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ وَقَفَ بَيْنَ الْجَمْرَتَيْنِ فِي الْحِجَّةِ الَّتِي حَجَّ، وَذٰلِكَ يَوْمَ النَّحْرِ، فَقَالَ: هٰذَا يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حج کے موقع پر دو جمروں کے درمیان کھڑے تھے اور نحر کا دن تھا' آپ نے فرمایا: یہ حج اکبر کا دن ہے۔

9209 - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک ہی کپڑے میں لپٹنے سے منع کیا' وہ اس طرح کہ شرمگاہ پر کوئی کپڑا نہ ہو۔

9206- أخرجه البخاري في الأدب جلد**10**صفحه**440** رقم الحديث:**5995**' ومسلم في البر جلد**4**صفحه**2047** .

9207- أخرجه البخاري في الطب جلد **10** صفحه**260** رقم الحديث: **5780**' ومسلم في الصيد جلد **4** صفحه**1533** .

9209- أخرجه البخاري في الصلاة جلد **1**صفحه**568** رقم الحديث:**367**' وابن ماجة: اللباس جلد**2**صفحه**117** رقم الحديث:**3559** .

وَاَنْ يَحْتَبِىَ الرَّجُلُ فِى ثَوْبٍ وَاحِدٍ، لَيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَىْءٌ"

9210 - وَبِهِ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَطَاعَنِى فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ عَصَانِى فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمَنْ اَطَاعَ اَمِيرِى فَقَدْ اَطَاعَنِى، وَمَنْ عَصَى اَمِيرِى فَقَدْ عَصَانِى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کی' جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی' جس نے بادشاہ کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی' جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اُس نے میری نافرمانی کی۔

9211 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ - وَذَكَرَتْ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَتْ: وَلَمْ اَكُنْ رَاَيْتُ امْرَاَةً قَطُّ خَيْرًا فِى الدِّينِ مِنْ زَيْنَبَ، اَتْقَى لِلّٰهِ، وَاَصْدَقَ حَدِيثًا، وَاَوْصَلَ لِلرَّحِمِ، وَاَعْظَمَ صَدَقَةً، وَاَشَدَّ ابْتِذَالًا لِنَفْسِهَا فِى الْعَمَلِ الَّذِى يُتَصَدَّقُ بِهِ، وَيُتَقَرَّبُ بِهِ اِلَى اللّٰهِ

حضرت حارث بن ہشام فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت سیدہ زینب بنت جحش زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا' فرمایا: میں نے زینب سے زیادہ دین میں نیکی کرنے والی نہیں دیکھی' آپ اللہ سے بہت زیادہ ڈرتی تھیں' سب سے زیادہ سچی بات کرتی تھیں' سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والی تھیں' زیادہ صدقہ دینے والی تھیں' اپنے آپ کو اللہ کی عبادت میں لگائے رکھتی تھیں' اس کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل کرتی تھیں۔

9212 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ

حضرت عبید اللہ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت اُم قیس بنت محصن جنہوں نے سب سے پہلے

9210- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1 صفحه 568 رقم الحديث: 367' وابن ماجة: اللباس جلد 2 صفحه 1179 رقم الحديث: 3559 .

9211- أخرجه مسلم فی فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1891' والنسائی فی النساء جلد 7 صفحه 61 (باب حب الرجل بعض نسائه أكثر من بعض) .

9212- أخرجه البخاری فی الوضوء جلد 1 صفحه 390 رقم الحديث: 223' ومسلم فی الطهارة جلد 1 صفحه 238 .

عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ، - وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ اللَّائِي بَايَعْنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهِيَ أُخْتُ عُكَاشَةَ بْنِ مِحْصَنٍ - أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا أَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا لَمْ يَبْلُغْ أَنْ يَأْكُلَ الطَّعَامَ، فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّ ابْنَهَا بَالَ فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ، فَنَضَحَ عَلَى بَوْلِهِ، وَلَمْ يَغْسِلْهُ غَسْلًا

ہجرت کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی تھی' یہ حضرت عکاشہ بن محصن کی ہمشیرہ تھیں' بتاتی ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اپنا بچہ لے کر آئی' وہ ابھی کھاتا پیتا نہیں تھا' اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں پیشاب کر دیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی منگوایا' اس کے پیشاب پر چھڑک دیا اس کو دھویا نہیں جس طرح عام طور پر دھویا جاتا ہے۔

9213 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ، ثَنَا أَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ، اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ أَنْ يَقْضِيَهُ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْضِيَ عَنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس نذر کے متعلق پوچھا جو اُن کی والدہ کے ذمہ تھی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو پوری کرنے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهَا أَبُو قُرَّةَ

یہ تمام احادیث یعقوب بن عطاء سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں قرہ اکیلے ہیں۔

9214 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا أَبُو حُمَةَ، نَا أَبُو قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُمَّتِي الْغُرُّ الْمُحَجَّلُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يُحَسِّنَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن میری اُمت کے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے' جو طاقت رکھتا ہے کہ اس کی چمک زیادہ ہو تو وہ کثرت سے وضو کرے۔

9213- أخرجه البخاري في الوصايا جلد5صفحه457 رقم الحديث: 2761، ومسلم في النذر جلد3صفحه1260 .

9214- أخرجه البخاري في الوضوء جلد1صفحه283 رقم الحديث: 136، ومسلم في الطهارة جلد1صفحه216 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوقرہ روایت کرتے ہیں۔

9215 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، ثَنَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو قَزْعَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَوْهَبَ وَضُوءًا، فَقِيلَ لَهُ: لَمْ نَجِدْ ذٰلِكَ اِلَّا فِي مَسْكِ مَيْتَةٍ، فَقَالَ: اَدَبَغْتُمُوهُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلُمَّ؛ فَاِنَّ ذٰلِكَ طُهُورُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے وضو کے لیے پانی منگوایا' آپ سے عرض کی گئی: مردار کا چمڑا ہے جس میں پانی ہے' آپ نے فرمایا: تم نے اس کو دباغت دی تھی؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: لے اور کیونکہ وہ پاک ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوقرہ روایت کرتے ہیں۔

9216 - وَبِهِ حَدَّثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ اَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَبْطَحِ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قُبَّةٍ مِنْ اَدَمٍ، فَتَوَضَّاَ فِي تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ، فَخَرَجَ بِلَالٌ بِفَضْلِهِ، فَصَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ، يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الرَّجُلُ وَالْمَرْاَةُ، وَالْحِمَارُ مِنْ وَرَاءِ الْحَرْبَةِ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ نمازِ ظہر پڑھی بطحاء کے مقام پر' آپ چمڑے کے ایک خیمے میں تھے' آپ نے پتھر کے برتن سے وضو کیا' حضرت بلال آپ کے بچے ہوئے پانی کو لے کر آئے' آپ نے نمازِ ظہر و عصر پڑھائی اس حالت میں کہ آپ کے آگے سے آدمی' عورت اور گدھے گزر رہے تھے' آگے نیزہ گاڑا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ . وَاَبُو خَالِدٍ الَّذِي رَوَى عَنْهُ ابْنُ جُرَيْجٍ هَذَا الْحَدِيثَ هُوَ: الدَّالَانِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوقرہ روایت کرتے ہیں۔ ابوخالد جو ابن جریج سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں' وہ دالانی ہیں۔

9217 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ،

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے

9216- أخرجه البخاری فی المناقب جلد 6 صفحه 653 رقم الحديث: 3553' ومسلم فی الصلاة جلد 1 صفحه 360 .

9217- أخرجه البخاری فی الأذان جلد 2 صفحه 165 رقم الحديث: 657' ومسلم فی المساجد جلد 1 صفحه 451 .

ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ قَيْسٍ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، يُخْبِرُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ تَفَقَّدَ رِجَالًا فِي الصُّبْحِ، فَقَالَ: اَيْنَ فُلَانٌ؟ وَاَيْنَ فُلَانٌ؟ قَالَ: مَا مِنْ صَلَاةٍ اَثْقَلُ عَلَى الْمُنَافِقِ مِنْ صَلَاةِ الْعِشَاءِ وَالصُّبْحِ، وَلَوْ يَعْلَمُونَ مَا فِيهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے صبح کی نماز میں ایک آدمی کو نہ پایا' آپ ﷺ نے فرمایا: فلاں کہاں ہے؟ فلاں کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا: نمازِ عشاء و فجر دونوں منافق پر بھاری ہیں' اگر ان کی عظمت ان کو معلوم ہو جائے تو گھٹنوں کے بل گھسٹ کر آئیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ. وَقَيْسٌ الَّذِي رَوَى عَنْهُ ابْنُ جُرَيْجٍ هٰذَا الْحَدِيثَ هُوَ: قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابن جریج سے قیس بن ربیع روایت کرتے ہیں۔ جو قیس' ابن جریج سے حدیث روایت کرتے ہیں وہ قیس بن ربیع ہیں۔

9218 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ، نَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي يَحْيَى، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً فِي تَمَامٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مکمل اور مختصر نماز پڑھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ وَيَحْيَى الَّذِي رَوَى عَنْهُ ابْنُ جُرَيْجٍ هٰذَا الْحَدِيثَ هُوَ: يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوقرہ روایت کرتے ہیں۔ جو یحییٰ' ابن جریج سے روایت کرتے ہیں' وہ یحییٰ بن سعید انصاری ہیں۔

9219 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے قسم کے ذریعے کسی مسلمان کا

9218- أخرجه البخاری فی الأذان جلد**2**صفحه**236** رقم الحديث: **708** بنحوه . ومسلم فی الصلاة جلد **1** صفحه **342** واللفظ له . والترمذی فی الصلاة جلد **1**صفحه**463** رقم الحديث: **237**' والنسائی فی الامامة جلد**2**صفحه**74** (باب ما على الامام من التخفيف) . وأحمد فی المسند جلد**3**صفحه**208** رقم الحديث: **12740** .

9219- أخرجه مسلم فی الايمان جلد**1**صفحه**122**' ومالك فی الموطأ جلد**2**صفحه**727** رقم الحديث: **11** .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ. صَاحِبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِىءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ، وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَاِنْ شَيْئًا يَسِيرًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاِنْ كَانَ قَضِيبًا مِنْ اَرَاكٍ

حق لیا' اللہ نے اس کے لیے جہنم واجب قرار دیا' اس پر جنت حرام ہوگئی' ایک آدمی نے عرض کی یارسول اللہ! تھوڑی سی بھی شی؟ آپ نے فرمایا: اگرچہ پیلو کی شاخ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوقرہ روایت کرتے ہیں۔

9220 - حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا اَبُو حُمَةَ، ثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَدَمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ، مَا قَالَ لِي فِي شَيْءٍ فَعَلْتُهُ: لِمَ فَعَلْتَهُ؟ وَلِشَيْءٍ لَمْ اَفْعَلْهُ: لِمَ لَمْ تَفْعَلْهُ؟ قَالَ: وَزَادَنِي فِيهِ مَعْمَرٌ: فِي شَيْءٍ قَطُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کی دس سال تک خدمت کی' آپ نے کبھی بھی کسی شی کے متعلق نہیں فرمایا جو میں نے کی' آپ نے فرمایا: تُو نے کیوں کی؟ معمر نے اضافہ کیا: کسی شی کے متعلق۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اَبُو قُرَّةَ وَعَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ اَبِي رَوَّادٍ

یہ حدیث ابن جریج سے ابوقرہ اور عبدالحمید بن ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

9220- تقدم تخريجه .

بَابُ النُّونِ مَنِ اسْمُهُ: نَصْرٌ

9221 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ السِّنْجَارِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، حَدَّثَنِی اَبِی مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ اَبِيهِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ سَلْمَى، امْرَاَةِ اَبِی رَافِعٍ - قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوْقَ بَيْتِهِ جَالِسًا، فَقَالَ: يَا سَلْمَى، ائْتِينِی بِغَسْلٍ ، فَجِئْتُ اِلَيْهِ بِاِنَاءٍ فِيهِ مَاءُ سِدْرٍ، فَصَفَّيْتُهُ لَهُ ثُمَّ جَثَا عَلَى مِرْفَقَةٍ حَشْوُهَا لِيفٌ، وَاَنَا اَصُبُّ عَلَى رَاْسِهِ فَغَسَلَهُ، وَاِنِّی لَانْظُرُ اِلَى كُلِّ قَطْرَةٍ تَقْطُرُ مِنْ رَاْسِهِ فِی الْاِنَاءِ، كَاَنَّهُ الدُّرُّ يَلْمَعُ، ثُمَّ جِئْتُهُ بِمَاءٍ فَغَسَلَهُ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غَسْلِهِ قَالَ: يَا سَلْمَى، اهْرِيقِی مَا فِی الْاِنَاءِ فِی مَوْضِعٍ لَا يَتَخَطَّاهُ اَحَدٌ ، فَاَخَذْتُ الْاِنَاءَ فَشَرِبْتُ بَعْضَهُ، ثُمَّ اَهْرَقْتُ الْبَاقِیَ، فَقَالَ لِی: مَاذَا صَنَعْتِ بِمَا فِی الْاِنَاءِ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، حَسَدْتُ الْاَرْضَ عَلَيْهِ، فَشَرِبْتُ بَعْضَهُ، ثُمَّ اَهْرَقْتُ الْبَاقِیَ عَلَى الْاَرْضِ، فَقَالَ: اذْهَبِی، فَقَدْ حَرَّمَكِ اللَّهُ بِذَلِكَ عَلَى النَّارِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلْمَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

باب النون اس شیخ کے نام سے جس کا نام نصر ہے

حضرت سلمٰی' ابورافع کی زوجہ فرماتی ہیں کہ حضورﷺ اپنے گھر کے اوپر تشریف فرما تھے' آپ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! دھونے کے لیے پانی لاؤ! میں ایک برتن میں آپ کے لیے پانی لائی' میں نے آپ کے آگے رکھا' پھر گھٹنوں کے بل ہوئے' میں نے آپ کے سرانور پر پانی ڈالا' آپ اس کو دھو رہے تھے' میں دیکھ رہی تھی کہ آپ کے سر سے قطرے چمکتے ہوئے موتیوں کی طرح گر رہے تھے' پھر میں پانی لائی تو آپ نے اس کو دھویا' جب آپ دھو کر فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے سلمٰی! اس برتن میں ایسی جگہ پانی ڈالا کرو جہاں کسی کے پاؤں نہ لگیں' میں نے پانی لیا' اس سے کچھ پی لیا' پھر بہا دیا۔ آپ نے مجھے فرمایا: تُو نے پانی کے ساتھ کیا کیا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے زمین پر بہانے کو ناپسند کیا' میں نے کچھ پی لیا اور کچھ زمین میں ڈالا۔ آپ نے فرمایا: جاؤ! اللہ عزوجل نے تیرے بدن پر جہنم کی آگ حرام کر دی ہے۔

یہ حدیث سلمٰی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں معمر بن محمد اکیلے ہیں۔

9222 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثَنَا مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ، عَنْ اَبِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا طَنَّتْ اُذُنُ اَحَدِكُمْ فَلْيَذْكُرْنِي، وَلْيُصَلِّ عَلَيَّ، وَلْيَقُلْ: ذَكَرَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ مَنْ ذَكَرَنِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے کان کو تکلیف پہنچے تو وہ میرا ذکر کرے اور میری بارگاہ میں درود پڑھے اور اللہ کا ذکر میرے ذکر سے بہتر ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي رَافِعٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابورافع سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں معمر بن محمد اکیلے ہیں۔

9223 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ الْحَكَمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَابِقٍ، نَا اَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ اُمَّةٍ مَجُوسٌ، وَلِكُلِّ اُمَّةٍ نَصَارَى، وَلِكُلِّ اُمَّةٍ يَهُودُ، وَاِنَّ مَجُوسَ اُمَّتِي الْقَدَرِيَّةُ، وَنَصَارَاهُمُ الْخَشَبِيَّةُ، وَيَهُودُهُمُ الْمُرْجِئَةُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر اُمت کا مجوسی بھی ہے اور نصاریٰ اور یہودی' اس اُمت کا مجوسی قدریہ ہیں' عیسائی خشبیہ' یہودی مرجئہ ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ سَابِقٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ

یہ حدیث ابوحازم سے یحییٰ بن سابق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن حجر اکیلے ہیں۔

9224 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ الْحَكَمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے اور چاندی چاندی کے بدلے برابر فروخت کرو۔

9224- أخرجه البخاري في البيوع جلد 4 صفحه 444 رقم الحديث: 2176، ومسلم في المساقاة جلد 3 صفحه 1211 .

قَالَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، مِثْلا بِمِثْلٍ

لَمْ يُجَوِّدْ اِسْنَادَ هَذَا الْحَدِيثِ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث خصیف سے عمدہ طور پر عتاب بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

9225 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ الْحَكَمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَسَّامٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيُّ، نَا نَافِعُ بْنُ اَبِي نُعَيْمٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَهْلِ الْمَدِينَةِ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِي صَاعِهِمْ وَمُدِّهِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اہل مدینہ کے لیے اے اللہ! ان کے مُد اور صاع میں برکت دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعِ بْنِ اَبِي نُعَيْمٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ بَسَّامٍ الْمَرْوَزِيُّ

یہ حدیث نافع بن ابونعیم سے عبداللہ بن جعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن بسام المروزی اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

9225- أخرجه مسلم فی الحج جلد **2** صفحه **1000**؛ وابن ماجة فی الأطعمة جلد **2** صفحه **1105** رقم الحديث: **3329**؛ والدارمی فی الأطعمة جلد **2** صفحه **145** رقم الحديث: **2072**؛ وأحمد فی المسند جلد **2** صفحه **442** رقم الحديث: **8394**.

مَنِ اسْمُهُ نُعَيْمٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام نعیم ہے

9226 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ النَّصِيبِينِيُّ، نَا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ كَثِيرٍ، - مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَاءَ عُثْمَانُ حِينَ جَهَّزَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ بِأَلْفِ دِينَارٍ فِي كُمِّهِ، فَصَبَّهَا فِي حِجْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْخِلُ يَدَهُ فِيهَا فَيُقَلِّبُهَا، وَيَقُولُ: مَا ضَرَّ ابْنَ عَفَّانٍ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان، حضورﷺ کے پاس ایک ہزار دینار کی تھیلی لے کر آئے، غزوۂ تبوک کے موقع پر۔ اسے حضورﷺ کی گود مبارک میں ڈال دیا، میں نے حضورﷺ کو دیکھا آپ نے ان دینار میں اپنا دست مبارک ڈالا، اس کو پلٹ رہے تھے اور فرما رہے تھے: آج کے بعد عثمان کو کوئی عمل نقصان نہیں دے گا، آپ نے دو مرتبہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ إِلَّا ضَمْرَةُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابن شوذب سے ضمرہ روایت کرتے ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

9227 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ، نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ مُسْلِمٍ السَّرَّاجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ لوگ اس کے احترام کے لیے کھڑے ہوں تو اس کے لیے جہنم واجب

9226- أخرجه الترمذی فی المناقب جلد5 صفحه626 رقم الحديث: 3701، وأحمد فی المسند جلد 5 صفحه 77 رقم الحديث: 20657 .

9227- أخرجه أبو داؤد: كتاب الأدب جلد 4 صفحه 359 رقم الحديث: 5229، والترمذی: كتاب الأدب جلد 4 صفحه 90 رقم الحديث: 2755، وأحمد فی المسند جلد 4 صفحه 92 رقم الحديث: 16836 بنحوه . قال الترمذی: هذا حديث حسن .

مُعَاوِيَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُسَبِّحَ لَهُ بَنُو آدَمَ قِيَامًا وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ

ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ اِلَّا مُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن بریدہ سے مغیرہ بن مسلم روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں مروان بن معاویہ اکیلے ہیں۔

9228 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِينِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دِهْقَانَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَغْفِرَهُ، اِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا، اَوْ مُؤْمِنًا قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ہر گناہ کو اللہ معاف کرے گا سوائے اس کے جو حالتِ شرک میں مرا، یا کسی مؤمن کو قتل کرنے والے کے۔

9229 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِينِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دِهْقَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي زَكَرِيَّا، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ مُعْنِقًا صَالِحًا مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا، فَاِذَا اَصَابَ دَمًا حَرَامًا بَلَّحَ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن ہمیشہ نیک رہتا ہے جب تک حرام کام نہ کرے، جب حرام کام کرے گا تو عذاب آئے گا۔

9228- أخرجه أبو داؤد في كتاب الفتن جلد**4**صفحه**101** رقم الحديث: **4270**، والبيهقي في كتاب الجراح جلد **8** صفحه**21** رقم الحديث: **15861**، والحاكم في الحدود جلد**4**صفحه**351** . وقال: هذا صحيح الاسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبي .

9229- أخرجه أبو داؤد: كتاب الفتن والملاحم جلد**4**صفحه**101** رقم الحديث: **4270**، والبيهقي في سننه الكبرى جلد**8**صفحه**22** رقم الحديث: **15862** . وأخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء جلد**6**صفحه**119** من حديث من طريق هانئ بن كلثوم عن محمود بن ربيعة عن عبادة بن الصامت .

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي زَكَرِيَّا إِلَّا خَالِدُ بْنُ دِهْقَانَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ دونوں حدیثیں عبداللہ بن ابوزکریا سے خالون دہقان روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن شعیب اکیلے ہیں۔

9230 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ النَّصِيبِينِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَسَنِ أَبُو مَسْعُودٍ الزَّجَّاجُ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، وَشَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَدَّلَ دِينَ اللَّهِ فَاقْتُلُوهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنا دین بدلے اس کو مارو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

9231 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا تُقْبَلُ لَهُمْ صَلَاةٌ، وَلَا يَصْعَدُ لَهُمْ إِلَى اللَّهِ حَسَنَةٌ: السَّكْرَانُ حَتَّى يَصْحُوَ، وَالْمَرْأَةُ السَّاخِطُ عَلَيْهَا زَوْجُهَا، وَالْعَبْدُ الْآبِقُ حَتَّى يَرْجِعَ فَيَضَعَ يَدَهُ فِي يَدِ مَوَالِيهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں کی نماز قبول نہیں ہوتی، نہ اللہ ان کی نیکی قبول کرتا ہے: نشہ والے کی یہاں تک کہ نشہ چلا جائے، وہ عورت جو اپنے شوہر سے ناراض ہو بھاگا ہوا غلام یہاں تک کہ واپس آ جائے اور اپنا ہاتھ اپنے مالک کے ہاتھ میں دے۔

9232 - وَبِهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا عَبْدٍ مَاتَ فِي إِبَاقِهِ دَخَلَ النَّارَ، وَإِنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی غلام بھاگے وہ جہنم میں داخل ہوگا، اگرچہ اللہ کی راہ میں شہید ہو۔

9230- اسناده فيه: أبو بكر الهذلي: اخباری متروك (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه264 .

9231- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن عقيل: ضعيف مختلط (التهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه316 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا الْوَلِيدُ، وَلَا يُرْوَيَانِ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ دونوں حدیثیں عبداللہ بن عبداللہ بن محمد بن عقیل سے زہیر بن محمد روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔ جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

9233 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ، وَعَنْ بَيْعِ الْمَاءِ، وَعَنْ بَيْعِ الْحَرْثِ

حضرت ابوزبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نر کا مادہ اور پانی اور گندگی فروخت کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ - بِهٰذَا التَّمَامِ - عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث تمام ابن جریج سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

9234 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَدُّ الطَّرِيقِ سَبْعَةُ اَذْرُعٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: راستہ سات ہاتھ تک ہونے چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا سُوَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث ابوزبیر سے سوید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن شعیب اکیلے ہیں۔

9235 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِينِيُّ، ثَنَا اَبُو مَسْعُودٍ الزَّجَّاجُ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: عُرِضْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں بدر کے دن حضور ﷺ کے پاس آیا' اس وقت میری عمر تیرہ سال تھی' مجھے حضور ﷺ نے واپس کر دیا' پھر میں اُحد کے دن آیا اُس وقت میری عمر چودہ سال تھی تو

9235- أخرجه البخاري: كتاب الشهادات جلد 5 صفحه 327 رقم الحديث: 2664' وأخرجه مسلم: كتاب الامارة جلد 3 صفحه 1490 بنحوه.

وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ وَأَنَا ابْنُ ثَلاثَ عَشْرَةَ سَنَةً، فَرَدَّنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ عُرِضْتُ عَلَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ وَأَنَا ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ فَرَدَّنِي، ثُمَّ عُرِضْتُ يَوْمَ الْأَحْزَابِ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فَأُجِزْتُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے واپس کر دیا' پھر میں خندق کے موقع پر آیا اس وقت میری عمر پندرہ سال تھی' آپ نے مجھے اجازت دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَسَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث ابوبکرالہذلی سے عبدالرحمٰن بن حسن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

9236 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ النَّصِيبِينِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ غَالِبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحْرَمَ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ دَخَلَ مَغْفُورًا لَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بیت المقدس آیا وہ بخش دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا غَالِبُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث نافع سے غالب بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

9237 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ، فَإِذَا هِيَ أَلْيَنُ مِنَ الْحَرِيرِ، وَأَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ

حضرت مستورد بن شداد فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کا دست مبارک پکڑا' آپ کا دستِ مبارک ریشم سے زیادہ نرم اور برف سے زیادہ ٹھنڈا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا شَيْبَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابوخالد سے شیبان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

مَنِ اسْمُهُ: نُعْمَانُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام نعمان ہے

9238 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ الْقَاضِي، ثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِلَابِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ خَالِدٍ، وَعَوْفٍ، وَسَوَّارٍ الْقَاضِي، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ وَالْحَدِيثِ بَعْدَهَا

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عشاء سے پہلے سونے اور عشاء کے (دنیوی) گفتگو کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَوَّارٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِلَابِيُّ

یہ حدیث سوار سے علی بن عاصم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صالح بن محمد الکلابی روایت کرتے ہیں۔

9239 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ اَبِي نُعَيْمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ بِالْعَقِيقِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ عقیق کے مقام پر نماز قصر کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ - مَرْفُوعًا - عَنْ نَافِعِ بْنِ اَبِي نُعَيْمٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث مرفوعاً نافع بن ابو نعیم سے عبداللہ بن نافع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن حمزہ اکیلے ہیں۔

9240 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثَنَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

9238- أخرجه البخاري: كتاب المواقيت جلد2صفحه59 رقم الحديث: 568، ومسلم: كتاب المساجد ومواضع الصلاة جلد1صفحه447 .

9240- أخرجه البخاري: كتاب الأذان جلد2صفحه138 رقم الحديث: 636، ومسلم: كتاب المساجد ومواضع الصلاة جلد1صفحه420 .

اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ، ثنَا هُشَيْمٌ، عَنْ يُونُسَ، وَهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَتَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَلْيَمْشِ اَحَدُكُمْ عَلَى هِينَتِهِ، فَلْيُصَلِّ مَا اَدْرَكَ، وَلْيَقْضِ مَا سُبِقَ بِهِ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم نماز کے لیے آؤ تو تم اپنی حالت کے ساتھ آؤ' جو مل جائے وہ پڑھ لو' جو رہ جائے وہ بعد میں پڑھ لو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ

یہ حدیث یونس سے ہشیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن شاہین اکیلے ہیں۔

9241 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنَا مَقْدَمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى، نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ نَفَّسَ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الْمُسْلِمِ فِي الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الْآخِرَةِ، وَمَنْ سَتَرَ عَوْرَةَ مُسْلِمٍ فِي الدُّنْيَا سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ فِي الدُّنْيَا يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ اَخِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جو کسی مسلمان سے تکلیف دور کرتا ہے' اللہ عزوجل اس سے قیامت کے دن کی تکلیف دور کرے گا' جو کسی مسلمان کے دنیا میں گناہ پر پردہ ڈالے اللہ دنیا وآخرت میں اس پر پردہ ڈالے گا' جو کسی مسلمان کی دنیا میں آسانی کرے گا' اللہ اس کی دنیا وآخرت میں آسانی کرے گا' اللہ اس کی مدد کرتا ہے جو اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے۔

لَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ الْاَعْمَشِ وَاَبِي صَالِحٍ، الْحَكَمَ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو شَيْبَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي شَيْبَةَ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ مَقْدَمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

اس حدیث میں اعمش اور ابوصالح کے درمیان حکم میں داخل کیا اعمش سے ابوشیبہ روایت کرتے ہیں۔ ابوشیبہ سے قاسم بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مقدم بن محمد اکیلے ہیں۔

9242 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ، نَا مَقْدَمُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

9241- أخرجه مسلم: كتاب الأذكار جلد **4** صفحه **2074**' وأبو داؤد: كتاب الأدب جلد **4** صفحه **288** رقم الحديث: **4946**.

مُحَمَّدٍ، نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الْأَعْوَرِ، عَنْ أَبِي الْحَكَمِ الْبَجَلِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوِ اجْتَمَعَ أَهْلُ السَّمَاءِ، وَأَهْلُ الْأَرْضِ عَلَى قَتْلِ رَجُلٍ مُؤْمِنٍ لَكَبَّهُمُ اللَّهُ فِي النَّارِ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر زمین و آسمان والے ایک مؤمن کے قتل کرنے پر جمع ہو جائیں تو اللہ عزوجل ان کو جہنم میں ڈالے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الْحَكَمِ الْبَجَلِيِّ - وَهُوَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي نُعَيْمٍ - إِلَّا أَبُو حَمْزَةَ، وَلَا عَنْ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ مَقْدَمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابوالحکم البجلی جن کا نام عبدالرحمٰن بن ابونعیم ہے' سے حمزہ اور ابوحمزہ سے قاسم بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مقدم بن محمد اکیلے ہیں۔

9243 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ، نَا مَقْدَمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْأَلُهُ مَا يُحِلُّ اللَّهُ لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَأَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ؟ قَالَ: مَا فَوْقَ السُّرَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئی' اس نے پوچھا کہ حالتِ حیض میں عورت کا کون سا حصہ مرد کے لیے جائز ہے؟ آپ نے فرمایا: ناف کے اوپر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ مَقْدَمٌ

یہ حدیث ابن خثیم سے قاسم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

9244 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ، ثَنَا مَقْدَمٌ، نَا عَمِّي الْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، وَإِنِّي لَبِحِذَائِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نماز پڑھ رہے ہوتے تھے اور میں آپ کے آگے ہوتی تھی۔

9244- أخرجه أحمد في مسنده جلد 6 صفحه 155 رقم الحديث: 25276 بلفظه ـ وأخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 582 رقم الحديث: 379' ومسلم: كتاب المساجد ومواضع الصلاة جلد 1 صفحه 458 من حديث أم سلمة ـ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ مَقْدَمٌ

یہ حدیث ابن خثیم سے قاسم بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں مقدم اکیلے ہیں۔

9245 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يُبَالَ فِي الْمَاءِ الرَّاكِدِ، ثُمَّ يُتَوَضَّأُ مِنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھڑے پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا کیونکہ اس سے وضو کیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ - مَرْفُوعًا - عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ اِلَّا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ وَيَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ

یہ حدیث مرفوعاً ابن علیہ سے سری بن عاصم اور یعقوب الدورقی روایت کرتے ہیں۔

9246 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثَنَا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، نَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، نَا عُمَارَةُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْكَوْثَرُ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ، حَافَّتَاهُ الذَّهَبُ، وَيَجْرِي عَلَى الدُّرِّ وَالْيَاقُوتِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنت میں ایک کوثر نہر ہے جس کے دونوں کنارے سونے کے ہیں اس میں موتی اور یاقوت کے برتن ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ - مَوْصُولًا - عَنْ عُمَارَةَ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ اِلَّا ابْنُ عُلَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث موصولاً عمار بن ابوجعفر سے ابن علیہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں سری بن عاصم اکیلے ہیں۔

9247 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَاهَانَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثَنَا طَلْحَةُ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو

9245- أخرجه البخاري: كتاب الوضوء جلد 1 صفحه 412 رقم الحديث: 238' ومسلم: كتاب الطهارة جلد 1 صفحه 236 .

9246- أخرجه الترمذي: كتاب تفسير القرآن جلد 5 صفحه 449 رقم الحديث: 3361' وابن ماجة: كتاب الزهد جلد 2 صفحه 1450 رقم الحديث: 4334' وأحمد في مسنده جلد 2 صفحه 67 رقم الحديث: 5353 . قال أبو عيسى الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .

بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُسْرِىَ بِهِ اِلَى السَّمَاءِ اُوحِىَ اِلَيْهِ بِالْاَذَانِ، فَنَزَلَ بِهِ، فَعَلَّمَهُ جِبْرِيلُ

مجھے اذان کی وحی کی گئی' میں وہاں سے آیا تو حضرت جبریل نے مجھے بتائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ الْوَاسِطِيُّ

یہ حدیث زہری سے یونس اور یونس سے طلحہ بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ماہان الواسطی اکیلے ہیں۔

9248 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سُنَّةُ الْقِرَاءَةِ فِي الصَّلَاةِ اَنْ تَقْرَاَ فِي الْاُولَيَيْنِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وَسُورَةٍ، وَفِي الْاُخْرَيَيْنِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز میں قرات کرنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور کوئی دوسری سورت پڑھی جائے اور آخری دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھی جائے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ

یہ حدیث جابر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن مقسم اکیلے ہیں۔

9249 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا صَدَقَةُ بْنُ بَشِيرٍ - مَوْلَى آلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ - عَنْ قُدَامَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ عَبْدًا مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ قَالَ: اَىْ رَبِّ، لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَلِعَظِيمِ سُلْطَانِكَ، فَاَعْضَلَتْ بِالْمَلَكَيْنِ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ کے بندوں میں کچھ بندے عرض کرتے ہیں: اے رب! تیرے لیے حمد ہے' جس طرح تیری بزرگی اور تیری بڑی بادشاہی کے لیے مناسب ہے اور فرشتے چڑھتے ہیں دونوں آسمانِ دنیا کی طرف آتے ہیں' عرض کرتے ہیں: اے رب! تیرے بندے نے جو عرض کیا' ہم نہیں جانتے ہیں

9249- أخرجه ابن ماجة: كتاب الأدب جلد**2**صفحه**1249** رقم الحديث: **3801**' والطبراني في الكبير جلد**12** صفحه**343** رقم الحديث: **13297** .

فَصَعَدَا اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَقَالَا: اَیْ رَبِّ، عَبْدُكَ قَدْ قَالَ مَقَالَةً مَا نَدْرِی كَيْفَ نَكْتُبُهَا

کہ اس کو کیا لکھیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ صَدَقَةُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں صدقہ بن بشیر اکیلے ہیں۔

9250 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، نَا اَحْمَدُ بْنُ رُشْدِ بْنِ خُثَيْمٍ الْهِلَالِيُّ، حَدَّثَنِی عَمِّی سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِی سُلَيْمَانَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَتْنِی اُمُّ الْفَضْلِ بِنْتُ الْحَارِثِ الْهِلَالِيَّةُ، قَالَتْ: مَرَرْتُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ بِالْحِجْرِ، فَقَالَ: يَا اُمَّ الْفَضْلِ قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اِنَّكِ حَامِلٌ بِغُلَامٍ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ وَقَدْ تَحَالَفَتْ قُرَيْشٌ اَنْ لَا يَاْتُوا النِّسَاءَ؟ قَالَ: هُوَ مَا اَقُولُ لَكِ، فَاِذَا وَضَعْتِيهِ فَاْتِينِی بِهِ، قَالَتْ: فَلَمَّا وَضَعْتُهُ اَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذَّنَ فِی اُذُنِهِ الْيُمْنَى، وَاَقَامَ فِی اُذُنِهِ الْيُسْرَى، وَاَلْبَاَهُ مِنْ رِيقِهِ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبِی بِاَبِی الْخُلَفَاءِ، قَالَتْ: فَاَتَيْتُ الْعَبَّاسَ فَاَعْلَمْتُهُ، وَكَانَ رَجُلًا لَبَّاسًا جَمِيلًا مُوتَئِدَ الْقَامَةِ، فَتَلَبَّسَ ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ اِلَيْهِ، فَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ ثُمَّ اَقْعَدَهُ، عَنْ يَمِينِهِ، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا عَمِّی، فَمَنْ شَاءَ فَلْيُبَاهِ بِعَمِّهِ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: بَعْضَ الْقَوْلِ يَا رَسُولَ

حضرت اُم فضل بنت حارث الہلالیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس سے گزرتی‘ آپ حجرے میں تشریف فرما تھے‘ آپ نے فرمایا: اے اُم فضل! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حاضر ہوں! آپ نے فرمایا: تُو بچہ کے ساتھ حاملہ ہے‘ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیسے! قریش نے قسم اُٹھائی ہے کہ وہ اپنی عورتوں سے جماع نہیں کریں گے؟ آپ نے فرمایا: جو میں نے کہا ہے ایسے ہی ہوگا‘ جب تُو اس کو جن لے تو میرے پاس لانا‘ میں نے جب اس کو جنا تو اسے لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئی‘ آپ نے اس کے دائیں کان میں اذان دی اور بائیں میں اقامت پڑھی‘ اس کو اپنے لعاب کے ساتھ گھٹی دی اور اس کا نام عبداللہ رکھا۔ پھر فرمایا: خلفاء کے باپ کو میرے پاس لاؤ! فرماتی ہیں: میں حضرت عباس کے پاس گئی اور ان کو بتایا۔ حضرت عباس اچھے کپڑے پہننے والے اور درمیانہ قد والے تھے‘ انہوں نے کپڑے پہنے اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے‘ جب حضور ﷺ نے ان کو دیکھا تو آپ کھڑے ہو گئے‘ ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ لیا‘ پھر ان کو دائیں جانب بٹھایا‘ پھر فرمایا: یہ میرا چچا ہے! جو

اللّٰهِ، قَالَ: وَلِمَ لَا اَقُولُ هٰذَا يَا عَمُّ، وَاَنْتَ عَمِّي، وَصِنْوُ اَبِي، وَبَقِيَّةُ آبَائِي، وَوَارِثِي، وَخَيْرُ مَنْ اَخْلُفُ مِنْ بَعْدِي مِنْ اَهْلِي؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَتْ: اُمُّ الْفَضْلِ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: هِيَ لَكَ يَا عَبَّاسُ بَعْدَ ثِنْتَيْنِ وَثَلَاثِينَ وَمِائَةٍ، ثُمَّ مِنْكُمُ السَّفَّاحُ، وَالْمَنْصُورُ، وَالْمَهْدِيُّ، ثُمَّ هِيَ فِي اَوْلَادِهِمْ حَتّٰى يَكُونَ آخِرُهُمُ الَّذِي يُصَلِّي بِالْمَسِيحِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ

چاہیے اس کے چچا ہونے پر فخر کرے۔ حضرت عباس نے عرض کی: کوئی بات یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: اے چچا! میں یہ کیوں نہ کہوں تُو میرا چچا ہے' آپ میرے باپ کے قائم مقام ہیں' میرے آباؤ اجداد کی نشانی ہیں اور وارث ہیں جو میرے بعد میرے اہل کے ہیں ان میں بہتر ہو۔ حضرت عباس نے عرض کی: یارسول اللہ! اُم فضل نے ایسے ایسے کہا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ تیرے لیے ہے' اے عباس! ۱۳۲ سال بعد ہوں گے' پھر تم میں سے خون بہانے والا اور مدد کیا ہوا اور مہدی آپ کی اولاد میں ہوگا یہاں تک کہ ان کا آخری جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ نماز پڑھے گا وہ بھی آپ کے خاندان سے ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَاوُسٍ اِلَّا حَنْظَلَةُ، وَلَا عَنْ حَنْظَلَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ رُشْدٍ

یہ حدیث طاؤس سے حنظلہ اور حنظلہ سے سعید بن خثیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن رشدا کیلے ہیں۔

9251 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، نَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدُ الْمُعْطِي الْعُلْيَا، وَخَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا اَبْقَتْ غِنًى، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُولُ، تَقُولُ امْرَاَتُكَ: اَنْفِقْ عَلَيَّ اَوْ طَلِّقْنِي، وَيَقُولُ وَلَدُكَ: يَا اَبَتِ، اِلَى مَنْ تَكِلُنَا؟ وَيَقُولُ خَادِمُكَ: اَطْعِمْنِي وَاسْتَعْمِلْنِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دینے والا ہاتھ بہتر ہے' بہتر صدقہ وہ ہے جو حالتِ مالداری میں دیا جائے' اس سے ابتداء کی جائے جو تیری زیر کفالت ہیں' ایسا نہ ہو تیری عورت کہے: مجھ پر خرچ کر' یا مجھے طلاق دے اور تیرے بچے کہیں: اے ابو! ہمیں کس کے سپرد کیا؟ اور تیرا خادم کہے: مجھے کھلا اور مزدور رکھ۔

9251- أصله في البخاري: كتاب الزكاة جلد**3**صفحه**345** رقم الحديث: **1427**، وأحمد في مسنده جلد**2** صفحه**524** رقم الحديث: **10795** .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَلَا رَفَعَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا شَرِيكٌ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث شریک سے یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔ عاصم سے مرفوعاً شریک اور حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔

9252 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ، وَأَبِي حَفْصٍ، عَنْ أَبِي الْغَادِيَةِ، قَالَ: رَأَيْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ ذَكَرَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، فَقُلْتُ: لَئِنِ اسْتَمْكَنْتُ مِنْ هَذَا، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ صِفِّينَ وَعَلَيْهِ السِّلَاحُ، فَجَعَلَ يَحْمِلُ حَتَّى يَدْخُلَ فِي الْقَوْمِ، ثُمَّ يَخْرُجَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا رُكْبَتُهُ قَدْ حُسِرَ عَنْهَا الدِّرْعُ وَالسَّاقُ، فَسَدَّدْتُ نَحْوَهُ الرُّمْحَ، فَطَعَنْتُ رُكْبَتَهُ، ثُمَّ قَتَلْتُهُ، فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَاتِلُهُ وَسَالِبُهُ فِي النَّارِ

حضرت ابوغادیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے دیکھا' میں نے عرض کی: اگر آپ کو ان پر قدرت دی' جب صفین کا دن تھا تو آپ نے اسلحہ پہن رکھا تھا' اس کو اُٹھایا اور قوم میں داخل ہوئے' پھر نکلے' میں نے دیکھا تو آپ کے گھٹنے زرہ سے ننگے تھے' میں نے ان کی طرف نیزہ کیا' اس کے گھٹنے پر نیزہ مارا پھر میں نے ان کو قتل کیا' حضرت عمرو بن عاص فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ان کو قتل کرنے والا ان کے سامان لینے والا جہنمی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

9253 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي، فَمَنْ نَازَعَنِي ثَوْبِي جَعَلْتُهُ فِي النَّارِ

حضرت ابوسعید اور ابوہریرہ دونوں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: کبریائی میری چادر ہے' جو مجھ سے یہ کپڑا لے گا اس کو جہنم میں ڈالا جائے گا۔

9253- أخرجه مسلم: كتاب البر والصلة جلد **4** صفحه **223**' وابن ماجة: كتاب الزهد جلد **2** صفحه **1397** رقم الحديث: **4174** .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَيْمُونٍ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُسَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث یوسف بن میمون سے عبدالملک بن حسین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن ہارون اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

بَابُ الْوَاوِ مَنِ اسْمُهُ وَاثِلَةُ

واؤ کا باب اس شیخ کے نام سے جس کا نام واثلہ ہے

